1989ء سے مسلسل اشاعت | 4 دسمبر تا 10 دسمبر 2020 | شمارہ نمبر 51 | جلد نمبر 32

MC - 547 Price Rs. 70/-

ہفت روزہ

# پیپر بزنس

کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

ANM AN M TRADING CO
Importer : Paper & Paper Board
Deals in:
OFFSET PRINTING PAPER I.P.M BRAND
Folio Sheets, Rolls & A-4,( U.A.E Origin)
COATED ART PAPER & ART CARD
1st Floor Bikiya Manzil Faiz Muhammad Fateh Ali Road Karachi-Pakistan
Phone: 021-32628604-32628495 / 0300-2127195 Email: sameed01@hotmail.com

IBM™
ISO 9001:2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TJIWI KIMIA TBK
ART PAPER NEVIA
NINGBO FOLD Little Star Bleach Board
pindo deli paper products
Indah Kiat Pulp and Paper Product
SINAR
VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012
111-IBM-PAK
Please Contact For Booking
First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital, Karachi. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-21-32627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
بزنس مین پینل
محمد سلیم بیکیا
چیئرمین




کی کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال
جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد
کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

BMG
بزنس مین گروپ
خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر

APP

中華紙業

ZHONGHUA-PAPER

IBM™

ISO 9001:2008
CERTIFIED

# NINGBO GOLD

ISO 14064 | PEFC | China Environment Friendly Enterprise | ISO9001 | ISO14001

## Coated Packaging Board

# ANNOUNCEMENT

**We are going to Lounge the new brand Ningbo Gold very soon**

**Ningbo Gold is a premium coated packaging board with a triple coating on the top side, giving it an excellent smoothness and good printability.**

**Ningbo gold has high ink absorbency and super surface characteristics, which makes it ideal for all premium quality book covers, cards, shopping bags and a wide range pakaging application.**

FIRST ISO 9001:2008 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road,
Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper producs

IBM™
PAKISTAN




# SELF ADHESIVE STICKER PAPER
## INDONESIA

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general end use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road,
Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

**indah kiat**
pulp & paper Products

# WELCOME TO
## OUR WORLD OF COLOURS



IK GOLD, X-BRITE
IK COPY PAPER



SINARSPECTRA
premium colour paper



spectra color
premium color paper

## PHOTOCOPIER PAPER

SPECTRA COLOR, SINAR SPECTRA, PAPERLINE, BLC, PPC BROWN, PPC BLUE, PPC ORANGE, PAPERLINE 2000

## CAST COATED BOARDS

| | |
|---|---|
| SINAR ROYAL | C2S GRAPHIC BOARD |
| SINAR VANDA | C1S WHITE BACk HIGH-BLUK |
| SINAR PLEX | C1S DUPLEX BOARD GREY BLACK / E-PLEX BOARD |
| SINAR FOLD | C1S WHITE BACK |
| SINAR CARD | C1S DUPLEX BOARD WHITE BACK |



## QURAN PAPER

PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS
COLOR PAPER
Sinar Tech



## SINARSPECTRA
## COLOR CUBE



## FOR BOOKING CONTACT

IBM™
ISO 9001:2015 CERTIFIED

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012




Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
پبلشر حرا رؤف
نے پرنٹر عبدالغفور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 22 رنگین اور 18 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

رابطہ افس
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سنی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

بانی: محمد رؤف
ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

چارجز
قیمت: 70 روپے
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 0102560271401 12960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

# قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی فنانس اینڈ ریونیو کا نیو یا پیپر کی عبوری کلیئرنس کا حکم

## کمیٹی کا اجلاس 30 نومبر کو چیئرمین کمیٹی فیض اللہ کی سربراہی میں ہوا، کسٹم کمیٹی کو مطمئن کرنے میں بری طرح ناکام، کسٹم کی کلاسیفکیشن کمیٹی مسترد، بورڈ نئی کمیٹی بنائے گا

کراچی (پیپر بزنس نیوز) گزشتہ تقریباً 2 ماہ سے کلیرنس میں تعطل کا شکار نیویا آرٹ پیپر کا ڈراپ سین بالآخر قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے فنانس اور ریونیو نے کر دیا۔ 30 نومبر 2020 کو قائمہ کمیٹی کا اجلاس اسٹیٹ بینک بلڈنگ میں چیئرمین فیض اللہ کی صدارت میں ہوا جس میں کسٹم سے متعلق امور میں سلمان پیپر پروڈکٹس کراچی کے نیویا آرٹ پیپر کے مسئلہ کو بھی خصوصی طور پر ایجنڈا آئٹم بنایا گیا تھا۔ اس اجلاس میں آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن اور امپورٹرز کی نمائندگی بیرسٹر سعد صہیب وائین اور عقیل احمد ایڈووکیٹ نے کی۔ جبکہ محمد سلیم بیکیا بھی امپورٹرز کی نمائندگی کیلئے موجود تھے۔ اجلاس میں رائٹنگ کوٹڈ پیپر کا مسئلہ شدت سے اٹھایا گیا اور امپورٹرز نے موقف اختیار کیا کہ نیویا کوٹڈ پیپر کو کسٹم کی جانب سے روکنے کا کوئی جواز نہیں ہے ممبر کسٹم نے کہا کہ پیپر کس مقصد کے لیے استعمال ہوتا ہے یہ ہم بتائیں گے۔ امپورٹرز نے کہا کہ کسٹم کو یہ اختیار نہیں ہے کہ وہ کسی کار پر پابندی عائد کرے کہ وہ صرف سڑک پر چلے گی کچے میں نہیں۔ جبکہ فوروھیل پر یہ پابندی ہو کہ وہ صرف پہاڑ پر چلے گی روڈ پر نہیں۔ یہ خریدار کا حق ہے کہ وہ اسے جس طرح چاہے استعمال کرے تو یہ کسٹم کا اختیار نہیں ہے۔ کسٹم صرف یہ بتا سکتا ہے کہ اس کی تیاری ان آئٹم سے ہونی چاہیئے۔ اس پر کسٹم کے نمائندوں کے پاس کوئی جواب نہیں۔ امپورٹرز نے کہا کہ کسٹم ہمیں کوٹڈ رائٹنگ پیپر کا سیمپل خود دے دے یا شکایت کنندہ فراہم کر دے تا کہ اس کی تصدیق ہو سکے۔ لیکن وہ بھی فراہم نہیں کیا گیا۔ امپورٹرز نے کہا کہ ADC اور DC اس فائل پر پہلے ہی سپائرز کے کمنٹس کے بعد یہ رائے دے چکے ہیں کہ مال کلیئر کر دیا جائے کیونکہ ان افسران کی درخواست پر امپورٹرز نے سپلائر سے لکھوا دیا تھا اور براہ راست ان افسران کے ای میل پر بھجوا دیا گیا تھا اس کی روشنی میں ان افسران نے مال کو کلیئر کرنے کی سفارش کر دی ہے۔ سپلائرز نے لکھا ہے کہ ہماری پروڈکٹس رائٹنگ پیپرز اور دونوں طرف کوٹڈ ہے۔ لیکن چیف کلکٹر نامعلوم دباؤ کے باعث مال چھوڑنے کے لیے تیار نہیں ہیں اس موقع پر امپورٹرز نے کسٹم قوانین کا حوالہ دیا کہ کسٹم ایکٹ کے تحت اگر کہیں کلاسیفکیشن تنازعہ آتا ہے تو اسے کلاسیفکیشن کمیٹی کو بھیجا جاتا ہے اور مال کی عبوری کلیرنس کر دی جاتی ہے کسٹم نے یہ بھی نہیں کیا۔ اس کا بھی کسٹم کوئی جواب نہیں دے سکا۔ جس پر کمیٹی نے فوری طور پر مال کی عبوری کلیرنس کا حکم جاری کیا اور کہا کہ اسے کسٹم کی کلاسیفکیشن کمیٹی کو بھیجا جائے جس پر امپورٹرز نے درخواست کی کہ کسٹم کی کسی کمیٹی پر ہمیں اعتبار نہیں ہے وہ چیف کلکٹر کے دباؤ میں ہوگی اور ہمیں انصاف کی توقع نہیں ہے لہٰذا بورڈ ایک نئی کمیٹی بنائے وہاں ہم اپنا موقف دیں گے۔ جس پر کمیٹی نے حکم جاری کر دیا۔ معلوم ہوا ہے کہ اس کے بعد بدھ 2 دسمبر سے عبوری کلیرنس کا آغاز ہوگیا ہے تاہم ابھی یہ کیس کلاسیفکیشن کمیٹی کے پاس رہے گا۔

# بلیچ بورڈ کو آرٹ کارڈ میں کلیئر کرانے کی کوشش ناکام

کراچی (پیپر بزنس نیوز) معلوم ہوا ہے کہ ایک بڑے امپورٹرز کی جانب سے بلیچ بورڈ کو آرٹ کارڈ لکھ کر مس ڈیکلیریشن کی کوشش کسٹم انٹیلی جنس نے ناکام بنا دی تاہم معلوم ہوا ہے کہ اثر و رسوخ کے باعث ہولڈ لگنے کے باوجود بھی یہ مال کلیئر کرا لیا گیا تھا تاہم اب آنے والے مال روک لیے گئے ہیں جن کی تعداد ہزاروں ٹن بتائی جا رہی ہے اور کلیئر کرائے گئے مال پر ڈیمانڈ جاری ہوگی۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق بلیچ بورڈ عرصہ دراز سے 4810.9200 میں کلیئر ہوتا ہے اور تمام ملیں اسے پیکجنگ بورڈ کے طور پر کلاسیفکیشن کرتی ہے جس میں ننگبو، آئی پی سن، آئی کے اور چین منگ بھی شامل ہیں لیکن مذکورہ امپورٹرز نے بلیچ بورڈ کو 4810.2910 میں کلیئر کرانے کی کوشش کی ہے جسے روک لیا گیا ہے۔

# ایف پی سی سی آئی انتخابات کیلئے ایڈمنسٹریٹر مقرر کرنے کی ہدایت

کراچی (نیوز ڈیسک) سندھ ہائی کورٹ میں ایف پی سی سی آئی کے سالِ 2019 میں ہونے والے انتخابات کے سلسلے میں کیس کی سماعت کے دوران جج صاحبان نے ڈائریکٹر انویسٹی گیشن، ڈی جی ٹی او، وزارت تجارت کو ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ وہ 2019 کے ہونے والے انتخابات کو کالعدم قرار دیئے جانے کا نوٹیفکشن جاری کریں اور سال 2021 کے انتخابات کے لئے ایڈمنسٹریٹر مقرر کیا جائے۔ تفصیلات کے مطابق سندھ ہائی کورٹ میں ایف پی سی سی آئی کے انتخابات 2020 میں محمد حنیف گوہر کی طرف سے الیکشن میں ہونے والی دھاندلی کے خلاف دائر پٹیشن نمبر C.P. 314/2020 پر سندھ ہائی کورٹ کے جسٹس محمد علی مظہر اور جسٹس یوسف علی سعید پر مشتمل دو رکنی بینچ نے سماعت کی۔ اِس موقع پر ڈی جی ٹی او کے ڈائریکٹر انویسٹی گیشن وزارتِ تجارت عاصم ٹوانا نے فاضل عدالت کو بتایا کہ بلوچستان ہائی کورٹ کے حکم پر ڈی جی ٹی او اور سیکریٹری کامرس نے 15 ایسوسی ایشن اور چیمبرز کے لائسنس منسوخ کر دیئے ہیں۔ جس کے بعد مذکورہ ایسوسی ایشن و چیمبرز کے 30 ووٹ مسترد ہو گئے ہیں۔ عاصم ٹوانا نے معزز عدالت کو بتایا کہ ایف پی سی سی آئی سالِ 2020 کے انتخابات میں جیتنے والے اُمیدوار 30 ووٹوں کی اکثریت سے کم نمبرز سے ہی جیتے تھے اِس لئے سال 2019 میں ہونے والے تمام الیکشن کو ڈی نوٹیفائی کر دیا جائے۔ جس پر فاضل جج صاحبان نے ہدایت کی کہ ڈی جی ٹی او، ایف پی سی سی آئی کے موجودہ برسرِ اقتدار عہدیداران کی کامیابی کو کالعدم قرار دینے کا نوٹیفکشن جاری کرے۔ فاضل جج صاحبان نے ڈی جی ٹی او کو ہدایت کی کہ ایف پی سی سی آئی کے ہونے والے الیکشن 2021ے لئے ایڈمنسٹریٹر مقرر کیا جائے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# فیڈریشن میں خامس سعید اور محمد انیس کی نامزدگی کے خلاف عاصم اقبال اور نجم الرحمن کی درخواستیں مسترد

## فیصلوں کے خلاف ڈی جی ٹی او میں دائر اپیلوں کی سماعت، سیکریٹری جنرل اپیما سمیت فیڈریشن کے الیکشن کمیشن کے اراکین طلب

کراچی (پیپر بزنس نیوز) معلوم ہوا ہے کہ فیڈریشن کے حالیہ انتخابات 2021 کے لیے آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نے سینئر وائس چیئر مین محمد انیس اور سابق سینئر وائس چیئر مین خامس سعید بٹ کی نامزدگی کی تھی اور ان کے نام ابتدائی ووٹر لسٹ میں شامل کئے گئے تھے جس کے خلاف انصاف بزنس پینل کے چیئر مین نجم الرحمن نے لاہور سے اور ڈان کنورٹیک پرائیویٹ لمیٹڈ کے شہزاد اقبال اور عاصم اقبال نے فیڈریشن میں اعتراضات داخل کئے تھے کہ گزشتہ دو سالوں سے اپیما کے انتخابات منعقد ہی نہیں ہوئے ہیں جس کی وجہ سے موجودہ مینجنگ کمیٹی کی جانب سے ان کی یہ نامزدگی غیر قانونی ہے انہیں ووٹ دینے سے روکا جائے اور ان کا نام ووٹر لسٹ سے نکالا جائے۔ انہوں نے یہ اعتراضات پہلے سیکریٹری جنرل فیڈریشن کے پاس داخل کئے تھے جسے سیکریٹری جنرل نے اس وجہ سے مسترد کر دیا تھا کہ یہ حضرات فیڈریشن کے انتخابات میں کسی بھی طرح فریق نہیں ہیں کیونکہ یہ کسی بھی ٹریڈ آرگنائزیشن کی جانب سے فیڈریشن میں نامزد نہیں ہیں بعد ازاں انہوں نے یہ اپیل الیکشن کمیشن فیڈریشن کو ارسال کی تھی تاہم کمیشن نے سیکریٹری جنرل کے موقف کو تسلیم کرتے ہوئے اس کا فیصلہ برقرار رکھا تھا اور ان کے اعتراضات مسترد کر دیئے تھے معلوم ہوا ہے کہ انہوں نے اس فیصلے کے خلاف ڈی جی ٹی او کو بھی اپیل کر دی تھی جس کی سماعت 30 نومبر کو ہوئی تھی جس میں سیکریٹری جنرل اپیما، فیڈریشن اور الیکشن کمیشن فیڈریشن کو ذاتی حیثیت میں پیش ہونے کی ہدایت کی گئی تھی۔ اس کی سماعت ہو گئی ہے اور ڈی جی ٹی او اپنا فیصلہ جاری کرے گا۔

## قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کی درآمد کنندگان کو درپیش مشکلات دور کرنے کی ہدایت

کراچی (بزنس ڈیسک) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ نے کسٹمز حکام کو ہدایت کی ہیں کہ وہ درآمدی کنسائمنٹس کی کلیئرنس میں درپیش مشکلات کو دور کر کے تاجروں کو سہولت فراہم کریں۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ نے فیض اللہ کی سربراہی میں 30 نومبر کو کسٹم ہاؤس کراچی کا دورہ کیا اور کسٹمز افسران کے ساتھ میٹنگ میں کسٹمز کلیئرنس کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر کمیٹی کے دوسرے ارکان میں شامل امجد علی خان، قیصر احمد شیخ فہیم احمد، کیپٹن جمیل احمد، آفتاب حسین، صائم گیلانی، مس عائشہ غوث، ڈاکٹر نفیسہ شاہ، مس حنا ربانی، شفقت علی خان اور عامر عمر نے اجلاس میں شرکت کی جبکہ محکمہ کسٹمز کی جانب سے دونوں چیف کلکٹرز، ڈائریکٹر جنرل آٹومیشن، ڈائریکٹر جنرل ٹرانزٹ ٹریڈ، کلکٹر اپریزمنٹ ایسٹ اور ویسٹ نے پاکستان کسٹمز کی نمائندگی کی۔ اجلاس کے دوران کسٹمز حکام کو ہدایات کی گئی کہ پروونزل اسسمنٹ کے طریقہ کا اور کلیئرنس کو بہتر بنانے کے لئے اقدامات کئے جائیں۔ قائمہ کمیٹی نے محکمہ کسٹمز کی کارکردگی کا بھی جائزہ لیا جبکہ قائمہ کمیٹی نے کہا کہ ٹریکر کے چارجز زیادہ ہونے کے باعث کاروباری لاگت میں اضافہ ہو رہا ہے ٹریکر چارجز میں کمی کے لئے کچھ اقدامات اٹھائے جائیں۔ اس موقع پر قائمہ کمیٹی نے محکمہ کسٹمز کی جانب سے اسمگلنگ کے خلاف اٹھائے جانے والے اقدامات کے سراہتے ہوئے کہا کہ اسمگلنگ کی روک تھام کے لئے محکمہ کسٹمز نے بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔



لاہور کی ایک تقریب میں آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے چیئر مین ملک احد امین کا چیئر مین بزنس مین گروپ خامس سعید بٹ، سابق سینئر وائس چیئر مین باؤ محمد بشیر، اعزازی جنرل سیکریٹری حسن رضا اور سابق سینئر وائس چیئر مین شبیر بھٹی ہیرا کے ساتھ ایک خوبصورت گروپ

## نیا پاکستان سرٹیفکیٹ کے منافع پر 10 فیصد ٹیکس عائد

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے نیا پاکستان سرٹیفکیٹ سے متعلق شائع خبر پر اپنی وضاحت میں کہا کہ سٹیٹ بینک آف پاکستان کی طرف سے جاری کردہ نیا پاکستان سرٹیفکیٹ انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے دوسرے شیڈول کے حصہ دوئم کی شق 5 اے اے کے تحت قرض انسٹرومنٹ کے زمرے میں آتا ہے۔ نیا پاکستان سرٹیفکیٹ کی صورت میں قرض پر منافع پر 10 فیصد ٹیکس عائد ہوگا جو کہ حتمی ٹیکس ہوگا۔ مزید وضاحت میں کہا گیا ہے کہ صرف غیر اقامت پذیر افراد نیا پاکستان سرٹیفکیٹ خرید سکتے ہیں جن کے بیرون ملک بینک اکاؤنٹ ہیں یا پاکستان میں فارن کرنسی اکاؤنٹ ہیں۔ ان افراد کو آمدنی کے گوشوارے داخل کرنے کی ضرورت نہیں۔


AAS A A SERVICES

M.Wassem
0334-3947670
M. Maaz Khan
0349-5115915

Color Copy Paper A4 & Legal Size
Color Fancy Paper and Card in Reels & Sheets

Ismail Center, Shop#5, Tayyabji Road, Opp. Burhani Hospital, Off. Shahrah-e-Liaqauat, Karachi.





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

HAYYAT PAPERS LAHORE

Whatsapp your order now
Get Free Quotation & Upto Rs. 5000/- Cash Back

0304-6470666
042-37361983
042-37361984
042-37361985

DELIVERY ALL OVER PAKISTAN

Al Noor Mansion 4- Abkari Road Opposite New Anarkali Police Station Lahore Pakistan.

ماشاءاللہ

All Brands Under One Roof

## Art & Matte Paper
Nevia Goldeast China, Kinmari Japan

NEVIA ART & MATTE PAPER | KINMARI JAPAN ART & MATTE PAPER

## Imported Offset & Photo Copy Paper
Ik 035 Indah Kiat

PPC paper | Indah Kiat 035 OFFSET PAPER

## Local Offset Printing Paper
Packages Bulleh Shah (Official Distributors)
Hi Brite Centurey, A.K Gold,
Crown 68-63gsm, Al Karam Super 55-68gsm

PACKAGES | CENTURY HI BRITE | AK GOLD | CROWN WRITING & PRINTING PAPER | AK-SUPER

## Art Card 2 Side Coated
Pindo Golden Coin APP Indonesia,
Ningbo Star APP China

GOLDEN COIN LUXE PINDO COATED BOARD | NINGBO STAR

## Bleach Board
Ningbo Fold APP China, Elegant Centurey

CENTURY ELEGANT BLEACH BOARD | Bleach Board NINGBO

## Box Board
Polo, Classic, Soldier, Top Rider, Chenab GC Grey and Brite Board, etc.

## Carbonless Paper
Impression 2000, Green Star Indonesia
Impression Hayyat China 24x34 Size

HAYYAT IMPRESSION 2000 | Impressions PINDO 2000 | GREEN STAR

## Stickers
**White Indonesia:** Lintec, Veritac, Polka, Aqna
**White China:** Gsf, Nexus Pro, Ymc, Labeltac Without Cut, Jac Matt, Flourescent Colour Sticker
**PET:** Golden, Silver, Transparent, Diamond
**PVC:** White, Transparent, Matte & Glossy, Warranty
**News**, Book Paper and Colour Bond Available.

LINTEC Sticker Indonesia | VERITAC | AQNA | POLKA | NEXUS PRO Sticker Paper | GSF GOLDENTEC WHITE STICKER | REALTAC | HAYYAT





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# انڈونیشیا کی APP کا عظیم توسیعی منصوبہ

تحریر: نوید مرزا

انڈونیشیا پلپ اور پیپر پروڈیوس کرنے والا دنیا کا ایک بڑا ملک ہے۔ انڈونیشیا میں پلپ اور پیپر کمپنیوں کی تعداد تین ہزار سے بھی زیادہ ہے جبکہ غیر قانونی کمپنیوں کی تعداد بھی اچھی خاصی ہے جو حکومت کی تمام تر کوششوں کے باوجود چوری چھپے اپنا کاروباری جاری رکھے ہوئے ہیں۔ انڈونیشیا میں بڑے پیمانے پر پلپ اور پیپر پروڈیوسنگ کی وجہ یہاں موجود ہزاروں سال پرانے وہ استوائی جنگلات ہیں جو لاکھوں ایکڑ رقبے پر پھیلے ہوئے ہیں۔ انڈونیشیا بنیادی طور پر ہزاروں جزیروں پر مشتمل ایک ملک ہے مگر اس کے صرف چند درجن جزیروں پر ہی آبادی پائی جاتی ہے جبکہ اس کے ہزاروں چھوٹے بڑے ایسے جزائر ہیں جہاں انسانی آبادی نہیں ہے۔ صرف جنگلات ہیں جہاں قدیم جنگلی حیات اور کچھ قدیم قبائل بھی پائے جاتے ہیں جن کی آبادی بھی اب بہت کم ہو چکی ہے۔ جاوا اور سماٹرہ انڈونیشیا کے ایسے جزائر ہیں جہاں لاکھوں ایکڑ رقبے پر گھنے جنگلات کھڑے ہیں۔ یہی جنگلات انڈونیشیا کو پلپ اور پیپر سیکٹر کے خام مال فراہم کرتے ہیں۔ 1940-50 میں یہاں مغربی ممالک کے تاجروں نے تجارت سے اپنے کاروبار کا آغاز کیا اور انڈونیشیا کی قیمتی لکڑی کوڑیوں کے مول خرید کر یورپ اور دیگر ممالک کو ایکسپورٹ کر کے نہایت منافع کمایا۔ اس زمانے میں انڈونیشیا کے لوگ تعلیم اور ٹیکنالوجی میں مغربی ممالک سے بہت پیچھے تھے اسی لیے وہ اپنی اس قدرتی دولت کی قدر و قیمت سے طویل عرصے تک بے خبر رہے تاہم 1945 میں آزادی ملنے کے بعد انڈونیشیا میں صنعت و تجارت پر خصوصی توجہ دی گئی اور اسی اور نوے کی دہائیوں میں حکومت نے پلپ اور پیپر کی پروڈکشن کے لیے کمپنیوں کو خصوصی لائسنس جاری کیے۔ انڈونیشیا میں یوں تو سینکڑوں کمپنیاں کام کر رہی ہیں مگر انڈونیشیا کی سب سے بڑی پلپ اور پیپر تیار کرنے والی کمپنی ایشیا پلپ اور پیپر ہے جو سنار ماس گروپ کی ملکیت ہے۔ اس کمپنی کے پاس جاوا، سماٹرہ اور بورینیو کے علاوہ دیگر کئی جزائر میں لاکھوں ایکڑ قدرتی جنگلی اراضی موجود ہے جہاں سے پلپ بنانے کے لیے خام مال حاصل کیا جاتا ہے۔ APP کا ہیڈ کوارٹر انڈونیشیا کے دارالحکومت جکارتا میں ہے اور اس کے ذیلی دفاتر دنیا کے تقریباً تمام اہم ممالک میں پھیلے ہوئے ہیں۔ APP کا شمار دنیا کی چوٹی کی کمپنیوں میں کیا جاتا ہے جو دنیا کے ڈیڑھ سو سے زائد ممالک کو پلپ اور پیپر ایکسپورٹ کرتی ہے۔ APP کا قیام 1972ء میں عمل میں آیا۔ اس کے بانی ایکا وڈاجا ہیں جنہوں نے اس کام کا آغاز ایک چھوٹے سے بزنس سے کیا جو بڑھ کر آج ایک بڑے انٹر پرائز میں تبدیل ہو چکا ہے۔ APP میں سالانہ اٹھارہ ملین ٹن سے زائد پلپ اور پیپر پیدا ہوتا ہے جو دنیا کے ڈیڑھ سو سے زائد ممالک کو ایکسپورٹ کیا جاتا ہے۔ 1978ء میں اس کمپنی کی ٹوٹل پیداوار صرف 12 ہزار ٹن تھی۔ 1979ء میں یہ کمپنی ایک جوائنٹ وینچر میں تبدیل ہوگئی اور اس کی پیداوار 100 ٹن یومیہ ہوگئی۔ 1984ء میں پیداوار بڑھ کر ڈھائی سو ٹن یومیہ ہوگئی۔ 1987ء میں APP کو جکارتا اسٹاک ایکسچینج میں رجسٹر کیا گیا۔ 1991ء میں کمپنی کی پیداوار دو لاکھ ٹن سے زائد ہوگئی اور کمپنی نے انڈسٹریل پیپر اور کاربن پیپر کی تیاری بھی شروع کر دی۔ 1993ء میں APP نو سو ٹن پیپر یومیہ کی پیداوار دے رہی تھی۔ 1997ء میں APP نے ٹشو پیپر کی پیداوار شروع کی اور جلد ہی پیداواری گنجائش چار لاکھ ٹن سالانہ تک پہنچا دی۔ 1992ء میں APP نے چائنا میں بھی سرمایہ کاری شروع کی اور اس وقت چائنا میں چائنا اور انڈونیشیا کے مشترکہ منصوبوں میں ننگبو زونگاؤ، گولڈ ایسٹ پیپر، ننگبو ایشیا، گولڈ ہوشنگ، گولڈ ہونگی، ہینان جینائی پیپر گوانگ زی جنگلی پیپر و دیگر شامل ہیں۔

APP چائنا سنگاپور میں رجسٹرڈ ہے اور اس کے ملازمین کی تعداد 37 ہزار سے زائد ہے۔ صرف 2009 میں پیداوار دو ملین ٹن سالانہ تھی جو 2010-11 میں بڑھ کر تین ملین ٹن سے زائد ہوگئی۔ APP کو اپنے اس سفر میں ماحولیاتی تنظیموں کی صرف سے شدید تنقید اور مزاحمت کا سامنا بھی رہا ہے اور دنیا بھر میں اس کے مال کی فروخت کے خلاف بائیکاٹ کی مہم بھی چلائی گئی ہے۔

ماحولیاتی ایجنسیوں کا کہنا ہے کہ APP جاوا سماٹرہ اور دیگر قدرتی جنگلات میں بے تحاشا کٹائی کر کے ماحولیات کو شدید نقصان پہنچا رہی ہے۔ اس نقصان کو روکنے کے لیے ماحولیاتی ایجنسیوں نے متعدد بار APP کے خلاف احتجاج بھی کیا اور اس کے خلاف دنیا بھر میں بائیکاٹ کی مہم بھی چلائی تاہم APP انتظامیہ کا کہنا ہے کہ انہوں نے اس احتجاج کا نوٹس لیا ہے اور عالمی قوانین اور حکومت انڈونیشیا کی طرف سے جاری قوانین کی پاسداری کے لیے انہوں نے قدرتی جنگلات کو تحفظ دینے کے لیے ایک ادارہ بھی بنایا ہے جو کٹائی کے بعد علاقے میں نئے جنگلات بھی اگائے گا تا کہ جنگلی حیات اور جنگلات کو برقرار رکھا جا سکے۔ 2003 میں APP نے ورلڈ لائف وائلڈ لائف کے ساتھ ایک میمورنڈم آف انڈر اسٹینڈنگ کیا تاہم یہ معاہدہ صرف چھ ماہ میں برقرار رہ سکا۔ اس کے بعد APP نے رین فاریسٹ الائنس کے ساتھ ایک نیا معاہدہ کیا جس کا مقصد انتہائی حساس قدرتی جنگلات کے علاقوں کو مانیٹر کرنا تھا۔ ان علاقوں میں پولاؤ سودا، میرا پونگ سیاک، بوکیٹ اور باتو شامل تھے۔

APP اپنے قیام سے اب تک مسلسل آگے ہی بڑھ رہی ہے اور اس نے اپنے مستقبل کی پلاننگ اور منصوبہ بندی میں کوئی کمی نہیں کی۔ APP نے اوگن کومرنگ کے علاقے میں جنگلات کی کٹائی کے بعد نئی پلانٹیشن کی ہے۔ یہاں اکیشیا اور یوکلپٹس کے درخت لگائے گئے ہیں۔ APP اپنی لاکھوں ٹن پلپ اور پیپر کی پیداوار کو بیرون ملک ایکسپورٹ کرتی ہے جس کے لیے وہ بحری جہازوں کا استعمال کرتی ہے۔ APP کے مال کی ترسیل کے لیے جو بندرگاہ بہت زیادہ استعمال کی جاتی ہے وہ تانجونگ تاپا کی بندرگاہ ہے۔ یہاں سے مال نہ صرف انڈونیشیا کے مختلف علاقوں تک بلکہ بیرون ملک بھی روانہ کیا جاتا ہے۔ تانجونگ تاپا کی بندرگاہ سماٹرہ میں واقع ہے اور اس کے اردگرد گھنے جنگلات ہیں جہاں APP کے ورکر کٹائی کا کام کرتے ہیں۔ APP کی دوسری تنصیبات بھی اسی علاقے میں ہیں اور یہاں بڑی مقدار میں پلپ اور پیپر تیار کیا جاتا ہے جسے بندرگاہ تک پہنچانے کے لیے سڑکوں کا جال بچھا ہے مگر مشکل یہ ہے کہ یہ سڑکیں بہت دور کے علاقوں سے گزرتی ہیں اور تانجونگ تاپا تک براہ راست راستے کے درمیان گھنا جنگل حائل ہے جہاں ابھی تک سڑکوں کی تعمیر شروع نہیں ہوئی ہے۔ APP کی منصوبہ بندی میں اس علاقے میں ایک بڑی سڑک تعمیر کرنا شامل ہے تا کہ وہ اپنا مال براہ راست بندرگاہ تک بھیج سکے لیکن مشکل یہ ہے کہ اس علاقے میں جنگلات کے ساتھ ساتھ جنگلی حیات بھی موجود ہے خاص کر یہاں پائے جانے والے سماتری ہاتھی جو دنیا میں صرف اسی علاقے میں پائے جاتے ہیں۔ ماحولیاتی تنظیموں کا کہنا ہے کہ اس علاقے میں سڑک بنانے سے یہاں کی جنگلی حیات کو شدید نقصان پہنچ سکتا ہے لہٰذا یہاں کسی قسم کی تعمیرات سے گریز کیا جائے۔ جنگلی حیات کے ماہرین کا خیال ہے کہ اس علاقے میں تعمیراتی سرگرمیوں سے علاقے کے قدرتی ماحول کو سخت نقصان پہنچے گا۔ APP نے اپنی پروڈکٹس کی ایکسپورٹ کے لیے ایک چھوٹی پورٹ بھی تاپالے کے اندر بنائی ہے تاہم ان دونوں پورٹوں کا باہمی فاصلہ پچاس میل کے قریب ہے۔ APP ان بندرگاہوں تک جانے والی سڑکوں کی اپ گریڈنگ کرنا چاہتی ہے جو کہ ایک بہت بڑا منصوبہ ہے۔ اس منصوبے کی تکمیل سے APP کو ایشیا میں سب سے بڑے پلپ اور پیپر پروڈیوسر کی حیثیت حاصل ہو جائے گی۔ APP اس پروجیکٹ کو مکمل کرنے کے لیے روپے پیسے کے ساتھ ساتھ دیگر ذرائع بھی استعمال کر رہی ہے تا کہ اسے اس علاقے میں سڑک بنانے کی اجازت مل جائے۔ APP سنار ماس کی ڈپارٹمنٹ آف لینڈ اسکیپ کنزرویشن کی سربراہ ڈولی پریتنا کہتی ہیں کہ اگر یہ روڈ بنی تو اس علاقے کے مینگرو ہاتھی کو اس جنگل کے آر پار جانے کا راستہ بند ہو جائے گا۔ 1970ء تک اس علاقے میں بڑی تعداد میں مقامی ہاتھی اور شیر بھی پائے جاتے تھے جن کی تعداد اب بہت کم ہوگئی ہے۔ اس علاقے میں انسانوں میں مشینوں کی آمد اور شور شرابے سے جنگلی جانور گھبرا کر مزید اندر کی طرف بھاگ گئے ہیں جس سے قدرتی ماحول شدید متاثر ہو رہا ہے۔ اس علاقے میں جنگل میں لگنے والی آگ اور مصنوعی پلانٹیشن کی وجہ سے قدرتی جنگلات اور جنگلی حیات کو شدید خطرات لاحق ہو چکے ہیں جس کی وجہ سے APP کو یہاں سڑک بنانے میں مشکلات درپیش ہیں۔

مقامی کنزرویشن ایجنسی کے مطابق اس علاقے میں 48 ہاتھی پائے گئے ہیں جن میں سے اکثر کو پلپ اور پیپر پلانٹیشن کے نزدیک بھی دیکھا گیا ہے۔ ڈولی پریاتنا کہتی ہیں کہ اگر یہ پروجیکٹ بنا تو بھی اس سڑک کے آر پار تین ایسی جگہیں موجود ہیں جہاں سے ان ہاتھیوں کے آنے جانے کے راستے بنائے جا سکتے ہیں جس سے ان کی بقا کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔ APP کے ذرائع کا کہنا ہے کہ اس کے ماہرین جنگلی حیات اور انسانوں کے ایک ساتھ رہنے کا طریقہ تلاش کر رہے ہیں تا کہ دونوں اپنے اپنے دائرہ کار میں رہتے ہوئے اپنی بقا بنائے رکھیں۔ اس مقصد کے لیے بہت سے طریقے سوچے جا رہے ہیں جن میں جانوروں کے سڑک کراس کرتے وقت ٹریفک کو روکنے اور خبردار کرنے کا طریقہ یا سڑک کے اوپر یا نیچے ایسے راستے بنانا جس کے ذریعے جانور ایک طرف سے دوسری طرف جا سکیں۔ اگر ماحولیاتی ایجنسیاں اور کنزرویشن والے ادارے APP کے دلائل سے مطمئن ہو گئے تو APP کا یہ سڑک کا پروجیکٹ یقینی طور پر بنایا جائے گا بصورت دیگر اس کا کوئی اور حل نکالنا پڑے گا۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ اے پی پی ایک بہت باثر ادارہ ہے اور وہ اپنے اس پروجیکٹ کے لیے یقیناً کوئی نہ کوئی ایسا حل ضرور نکال لے گی جس کے ذریعے اسے بندرگاہ تک آسان رسائی حاصل ہو جائے جبکہ دوسری جانب جنگلی حیات کی بقا کا مسئلہ بھی حل ہو جائے اگر ایسا ممکن ہو گیا تو APP کو ایشیا کی سب سے بڑی پلپ اور پیپر پروڈیوسر کمپنی بننے سے کوئی نہیں روک سکے گا۔



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking **IBM: 111-426-725**

APP
USE OUR PAPER, WE PLANT MORE TREES.

Our Quest Superiority has Made us
Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE
LINE OF PROFESSSIONALISM

# IK Signature




**Premium Performance Paper.**

Engineered from the best pulp selection with high thickness & stiffness, whiteness, high smoothness, and brightness, IK Signature is a developed masterpiece for all your printing purposes.

With new TRUTONE Technology, IK Signature is the ultimate choice for its high performance and print quality, to make the best of your professional portfolios.

HIGH THICKNESS & STIFFNESS
premium feel for important documents

HIGH SMOOTHNESS
for truly jam-free performance

A4
21x29.7 cm
500 SHEETS
80
GSM

TRUTONE
TECHNOLOGY

پاکستان میں دستیاب
تمام برانڈز میں نمبر 1

IBM™

ISO 9001: 2015 Certified Quality Management System

## International Business Management

First ISO 9001:2015 Certified Paper Indenting Company in Pakistan
First Floor,Darul Hina Building Tayabjee Road ,
Near Burhani Hospital, Karachi -74000,UAN: 111-IBM-PAK
Ph # 92-21-32627061-63,Fax # 92-21-32629786
E-mail: saleemibn@cyber.net.pk | website : www.ibmpakistan.com

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011 - 2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP




IBM

# AQNA
Brands

## Products of PINDO DELI





ہم سا ہو تو سامنے آئے

# SELF ADHESIVE STICKER PAPER

## 100% Cast Coated, Mirror Coat

## Acrylic Glue with water Base

## Quality Similar to Lintec

**FOR BOOKING PLEASE CONTACT**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™ International Business Management
ISO 9001:2015 CERTIFIED

**HEAD OFFICE:** First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Karachi-74000.
UAN : 111-IBM-PAK
Tel : +92-21-32627061-63
Fax : +92-21-32629786
Email : saleemitc@cyber.net.pk
saleemibm@cyber.net.pk
Web : ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010-11

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# تاجروں کا مطالبہ تسلیم، کراچی میں ہفتہ وار ایک چھٹی اور رات 8 بجے تک کاروبار کی اجازت

کراچی (بزنس ڈیسک) سندھ حکومت نے تاجروں کے مطالبات تسلیم کرتے ہوئے گھٹنے ٹیک دئے ہیں اور مارکیٹس اور بازار رات 8 بجے تک کھلے رکھنے کی اجازت دے دی ہے۔ ترجمان سندھ حکومت، مشیر قانون، ماحولیات و ساحلی ترقی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے اپنے ٹویٹ میں کہا ہے کہ سندھ بھر میں اب تمام مارکیٹیں اور بازار رات آٹھ بجے تک کھلے رہیں گے، مارکیٹ ایسوسی ایشنز، دکان مالکان اور شہریوں سے توقع ہے کہ وہ کورونا ایس او پیز کو یقینی بنائینگے۔ بیرسٹر مرتضی وہاب نے کہا کہ کورونا ایس او پیز کی مانیٹرنگ کی جائیگی۔ تمام شہری دکاندار و خریدار سمیت ہر ایک کو ماسک پہننا لازمی ہوگا۔ امید ہے کہ مارکیٹ ایسوسی ایشنز، مالکان اور شہری کورونا وائرس سے بچا کے لیے جاری کردہ ایس او پیز کا خیال رکھیں گے۔ ایڈمنسٹریٹر کے ایم سی و کمشنر کراچی افتخار شالوانی نے کہا ہے کہ جمعہ کو دکانیں اور مارکیٹیں بند نہیں ہوں گی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ جمعہ کو دکانیں اور مارکیٹیں کھلی رہیں گی اور انھیں رات آٹھ بجے تک دکانیں کھولنے کی اجازت ہوگی کمشنر نے تمام ڈپٹی کمشنرز کو فیصلہ سے آگاہ کر دیا ہے کمشنر نے کہا ہے کہ کراچی کے تمام اضلاع میں این سی او سی کے فیصلوں پر عمل کیا جائے گا۔

## ایف بی آر نے تین لاکھ سے زائد زیر التوا آڈٹ کیسز کو ختم کرنے کو سلسلہ شروع کر دیا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے 3 لاکھ 10 ہزار آڈٹ کیسز کو ختم کرنے کا سلسلہ شروع کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے چھ سال سے زائد عرصے سے زیر التوا 3 لاکھ 10 ہزار آڈٹ کیسز کو اسکروٹنی کے ذریعے پایہ تکمیل تک پہنچانے میں ناکامی کے بعد ان کیسز کو ختم کرنے کا سلسلہ شروع کر دیا ہے۔ واضح رہے کہ کیسز کو پایہ تکمیل تک پہنچائے بغیر عجلت میں یوں ختم کرنے سے قومی خزانے کو نقصان بھی ہوسکتا ہے۔ ذرائع کے مطابق ان آڈٹ کیسز کو ختم کرنے کے سلسلے میں ایف بی آر کی فیلڈ فارمیشنز (علاقائی دفاتر) چھٹی والے دن بھی کھلے رہے تاکہ ان زیر التوا کیسوں کو ختم کیا جائے جس کا فیصلہ حکومت کی جانب سے اپریل میں کیا گیا تھا۔ ذرائع نے بتایا کہ افرادی قوت اور وسائل کم ہونے کے باعث زیر التوا کیسز 3 تا 6 سال سے چلے آرہے تھے۔ تاہم اس بوجھ سے جان چھڑانے کے لیے ایف بی آر نے جامع آڈٹ کے بغیر کچھ مخصوص پیمانوں کی بنیاد پر یہ تمام کیسز بند کرنے کا فیصلہ کیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے غیر فعال سیکشن 214D کے تحت کچھ ہائی پروفائل شخصیات اور ان کی کمپنیوں کے کیس بھی بند کر دیے گئے۔

## دکاندار دیر سے کاروبار کھولنے کی عادت ترک کریں، کراچی چیمبر

کراچی (نیوز ڈیسک) کراچی چیمبر کے صدر ایم شارق وہرہ نے دکانداروں اور چھوٹے تاجروں پر زور دیا ہے کہ وہ کاروباری اوقات کو بڑھانے کا مطالبہ کرنے کی بجائے دیر سے کاروبار کو کھولنے کی عادت کو ترک کریں اب وقت آگیا ہے کہ صبح سویرے طلوع آفتاب کے وقت ہر طرح کی کاروباری سرگرمیاں شروع کی جائیں تاکہ لوگوں کو کورونا کے مہلک مرض سے بچایا جاسکے، یہ بات انہوں نے الائنس آف آرام باغ مارکیٹ ایسوسی ایشن کے ایک وفد سے کراچی چیمبر کے دورے کے موقع پر کہی۔

## کاروباری دورانیہ بڑھانے پر سندھ حکومت کے شکرگزار، آصف گلفام

کراچی (نیوز ڈیسک) الائنس آف آرام باغ مارکیٹس ایسوسی ایشن کے چیئرمین اور آل کراچی تاجر الائنس کے صدر آصف گلفام نے کہا کہ معیشت کی بہتری کیلئے ضروری ہے کہ کورونا کے ساتھ کاروباری سرگرمیاں جاری رہیں اور لوگوں کو روزگار کے مواقع ملیں، تاجر رہنماؤں دلشاد بخاری، عبدالقادر مستان و دیگر سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کاروباری برادری سندھ حکومت کی انتہائی مشکور ہے کہ انہوں نے کورونا لاک ڈاؤن میں نرمی کرتے ہوئے کاروباری دورانیہ میں اضافہ کیا۔

ہم اپنے کرم فرماؤں بالخصوص مشتہرین سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ اپنی ادائیگیاں بذریعہ کراس چیک بنام ”پیپر بزنس“ کرنے کی کوشش کریں۔ نقد ادائیگی کی صورت میں وصولی ”رسید“ لازمی حاصل کریں۔ رسید نہ ملنے کی صورت میں دفتر پیپر بزنس فون نمبر 0308-2933229 پر مطلع کریں۔ (ادارہ)

## سکھر میں ڈرائی پورٹ اور کسٹم کورٹ قائم کرنے کا مطالبہ

سکھر (نیوز ڈیسک) آل سکھر اسمال ٹریڈرز اینڈ کاٹیج انڈسٹریز نے ڈرائی پورٹ اور کسٹم کورٹ کے قیام کیلئے وفاقی حکومت کو مراسلات ارسال کردیے۔ یکم دسمبر کو آل سکھر اسمال ٹریڈرز اینڈ کاٹیج انڈسٹریز کے بانی حاجی ہارون میمن نے تاجروں کو بتایا کہ وفاقی وزیر اسد عمر سے ملاقات میں سکھر کے نمائندہ تاجروں نے وفاقی وزیر کے سامنے ڈرائی پورٹ اور کسٹم کورٹ کے قیام کیلئے بات کی جس پر وفاقی وزیر نے تحریری طور پر آگاہ کرنے کو کہا تھا۔ حاجی ہارون میمن نے کہا کہ قوی امید ہے کہ وزیر اعظم اس سلسلے میں دلچسپی لیکر قابل عمل اقدامات اٹھائینگے۔


I.M PAPER

IBRAHIM MOHSIN

Deals in All Paper & Board.

Cell: 0307-2802002 email: ibrahim.mohsin48@yahoo.com

Shop # 2, Moon Plaza, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Paper Market, Karachi.




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# کاروباری مواقع
## TENDERS

## ایف بی آر کا اسٹیشنری کا ٹینڈر
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:17 دسمبر 2020
برائے رابطہ: اکاؤنٹس برانچ، لارج ٹیکس پیئرز آفس، 6th فلور، ٹیکس ہاؤس، سید موج دریا روڈ، لاہور۔
فون:042-99213818-111588588

## پاکستان نیوی کو اسٹیشنری درکار
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:9 دسمبر 2020
برائے رابطہ: کمانڈنگ آفیسر، پی این ایس حیدر، چوہدری خلیق الزماں روڈ، گزری، کراچی۔
فون:021-48501650

## گورنمنٹ پرنٹنگ پریس کا پرنٹنگ کا ٹینڈر
بائیوگرافی برائے صوبائی اسمبلی پنجاب کی پرنٹنگ اور بائنڈنگ
تعداد:1000 عدد
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:17 دسمبر 2020
برائے رابطہ: کیشئر آفس، پنجاب، لاہور۔
فون:042-99212070

## ویلفیئر ڈپارٹمنٹ کا اسٹیشنری و پرنٹنگ کا ٹینڈر
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:14 دسمبر 2020
برائے رابطہ: سیکشن آفیسر (جنرل)، سول سیکریٹریٹ، نزد کڈنی سینٹر، بہاولپور چوک، ملتان۔
فون:061-9330871

## گورنر سیکریٹریٹ کو اسٹیشنری درکار
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:10 دسمبر 2020
برائے رابطہ: سیکشن آفیسر (ایڈمن)، پنجاب، لاہور۔
فون:042-99200023

## تعلیمی بورڈ کا ردی کی فروخت کا ٹینڈر
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:29 دسمبر 2020

برائے رابطہ: اسسٹنٹ سیکریٹری (اسٹورز)، ملتان۔
فون:0302-9897123

## نیشنل یونیورسٹی کا اسٹیشنری کا ٹینڈر
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:11 دسمبر 2020
برائے رابطہ: پروکیورمنٹ ڈائریکٹوریٹ، دی مال، صدر، راولپنڈی۔
فون:051-9270544

## ڈائریکٹر ایگریکلچر کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:17 دسمبر 2020
برائے رابطہ: تیسری منزل، ایگریکلچر ہاؤس، 21۔ڈیوس روڈ، لاہور۔
فون:042-99204371

## میڈیکل انسٹی ٹیوٹ کا اسٹیشنری کا ٹینڈر
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:14 دسمبر 2020
برائے رابطہ: پرچیز سیل، 6۔ برڈ ووڈ روڈ، جیل روڈ، لاہور۔
فون:042-9920047-4

## پبلک سروس کمیشن کا اسٹیشنری کا ٹینڈر
ٹینڈر حوالہ نمبر:06/2020-21
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:15 دسمبر 2020
برائے رابطہ: سیکریٹری، لاہور۔
فون:042-99200161-162

## اقبال اکادمی کو پرنٹنگ کی خدمات درکار
کتابیں و جرائد کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:21 دسمبر 2020
برائے رابطہ: دفتر ایوان اقبال کمپلیکس، چھٹی منزل، ایجرٹن روڈ، لاہور۔
فون:042-99203573-36314510

## نیشنل شپنگ کا اسٹیشنری کا ٹینڈر
ٹینڈر حوالہ نمبر:
PRCD/GNRL/CMPTRS/STNRY/2020-21/054
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:16 دسمبر 2020
برائے رابطہ: جنرل منیجر، پروکیورمنٹ ڈپارٹمنٹ، پہلی منزل، پی این ایس سی بلڈنگ، ایم ٹی خان روڈ، کراچی۔
فون:021-99203980-99 EXT:353-390

## اربن یونٹ کا پرنٹنگ کا ٹینڈر
کتابوں کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:16 دسمبر 2020
برائے رابطہ: چیف ایگزیکٹو آفیسر، 503۔ شاہین کمپلیکس، ایجرٹن روڈ، لاہور۔
فون:042-99205316-22 EXT:202

## ہیومن رائٹس کا اسٹیشنری و پرنٹنگ کا ٹینڈر
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:14 دسمبر 2020
برائے رابطہ: آفس کیئر ٹیکر، دوسری منزل، نیشنل ٹاور، 28۔ ایجرٹن روڈ، لاہور۔
فون:042-99203626

## 5 کروڑ سے کم آمدنی والے مینوفیکچررز کے لئے نیا انکم ٹیکس فارم تجویز

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) ایف بی آر نے سالانہ 5 کروڑ روپے سے کم آمدن والے مینوفیکچررز کیلئے انکم ٹیکس گوشوارہ جمع کرانے کا فارم سادہ کردیا ہے، نئے ترمیم شدہ فارم کا مسودہ جاری کردیا گیا ہے، یہ فارم انفرادی اور ایسوسی ایشن آف پرسنز کیلئے ہوگا، نیا سادہ فارم عوامی رائے کیلئے سات روز کیلئے جاری کیا گیا ہے اور ترمیم شدہ فارم پر رائے طلب کی گئی ہے جس کے بعد اس فارم کا اطلاق کردیا جائیگا۔


FAIR TRADE (Pvt) Limited
A Trusted & Reliable Name For Genuine Trading in Paper & Board
Serving Since 1975

Distributors
Flying Paper
Bullehshah (Packages)
Crown (Fazal Paper)

Importers
Offset Paper
Bleached Board
Duplex Board

4, Mohammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi. Phones: 021-3262 5600 - 3262 5633
Whatsapp: 0334-0209809 | Fax: (92-21) 32621614 | Email: fairtrade1961@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# آرٹ کارڈ، مقامی آفسیٹ، فوٹو کاپی اور اسٹیکر پیپر کی قیمتوں میں کمی

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیاں جاری ہیں اور 2 دسمبر کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں پنڈو کارڈ، بریف کارڈ، مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار، فوٹو کاپی پیپر اور اسٹیکر پیپر کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ جبکہ ریٹیل مارکیٹ میں نیوز پرنٹ کی قیمتوں میں بھی کمی دیکھی گئی۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو ردو بدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال اس طرح سے ہے کہ پنڈو آرٹ کارڈ 200، 190۔210۔250 اور 260 گرام 212 روپے سے کم ہوکر 210 روپے، تمام سائز 310، 300 اور 350 گرام، 216 روپے سے کم ہوکر 214 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بریف کارڈ انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 215 روپے سے کم ہوکر 205 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار ملز تمام سائز 53 گرام، 100 روپے سے کم ہوکر 98 روپے، تمام سائز 60 گرام، 100 روپے سے کم ہوکر 98 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر، پی پی سی براؤن 70 گرام، 455 روپے سے کم ہو کر 440 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی براؤن 80 گرام، 570 روپے سے کم ہوکر 555 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی F4B 70 گرام، 570 روپے سے کم ہوکر 560 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی گرے 70 گرام، 405 روپے سے کم ہو کر 400 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ BLC، A4 سائز 70 گرام، 465 روپے سے کم ہو کر 455 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ BLC، A4 سائز 80 گرام، 570 روپے سے کم ہو کر 560 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 470 روپے سے کم ہوکر 465 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 80 گرام، 580 روپے سے کم ہو کر 575 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4B-13 ۔ 70 گرام، 570 روپے سے کم ہوکر 560 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4A-13.5 ۔ 70 گرام، 580 روپے سے کم ہو کر 575 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 80 گرام، 700 روپے سے کم ہوکر 680 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈ ٹیک چائنا 20x30 سائز 2150 روپے سے کم ہو کر 2100 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر یونگی چائنا 20x30 سائز 2150 روپے سے کم ہوکر 2100 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر AQNA انڈونیشیا 20x30 سائز، 2350 روپے سے کم ہوکر 2325 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا 20x30 سائز 2090 سے کم ہوکر 2060 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر رئیل ٹیک چائنا 20x30 سائز 2200 روپے سے کم ہوکر 2150 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

## روپیہ کے مقابلے میں ڈالر کی شرح میں معمولی اضافہ

کراچی (بزنس ڈیسک) مقامی کرنسی مارکیٹوں میں منگل یکم دسمبر کو پاکستانی روپے کے مقابلے میں امریکی ڈالر کی قدر میں اضافے کا رجحان رہا اور انٹر بینک میں ڈالر 159.90 روپے جب کہ اوپن کرنسی مارکیٹ میں 160.20 روپے ہوگئی۔ فاریکس ایسوسی ایشن آف پاکستان کے مطابق منگل یکم دسمبر کو انٹر بینک میں روپے کے مقابلے ڈالر کی قیمت خرید 45 پیسے کے اضافے سے 159.35 روپے سے بڑھ کر 159.80 روپے اور قیمت فروخت 159.45 روپے سے بڑھ کر 159.90 روپے ہوگئی جب کہ مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت خرید 30 پیسے کے اضافے سی 159.40 روپے سے بڑھ کر 159.70 روپے اور قیمت فروخت 40 پیسے کے اضافے سی 159.80 روپے سے بڑھ کر 160.20 روپے ہوگئی۔ دیگر کرنسیوں میں یورو کی قیمت خرید 50 پیسے کے اضافے سی 188.50 روپے سے بڑھ کر 189 روپے ہوگئی اور قیمت فروخت 190.50 روپے سے بڑھ کر 191 روپے ہوگئی جب کہ 50 پیسے کے اضافے سے برطانوی پونڈ کی قیمت خرید 210.50 روپے سے بڑھ کر 211 روپے اور قیمت فروخت 212.50 روپے سے بڑھ کر 213 روپے ہوگئی۔

## تمام ضروری خام اشیا پر اطلاق کیا جائے، میاں انجم نثار

کراچی (نیوز ڈیسک) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر میاں انجم نثار نے کہا ہے کہ ایس آر او 1240 (1)/ 2020 بتاریخ 20 نومبر ''2020 کے ذریعہ 12 ویں شیڈول میں کی گئی ترمیم میں صنعتی خام مال کی محدود فہرست کو شامل کیا گیا ہے۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے 12 ویں شیڈول کے تحت صنعتی خام مال کی ایک فہرست مراعات کے لیے جاری کی ہے۔ ایف بی آر کی anomalies کمیٹی نے چند ایک صنعتی خام اشیا کو تیار سامان میں شامل نہ کرنے کا اعلان کیا اور ان اشیا پر 5.5 فیصد کی بجائے 2 فیصد انکم ٹیکس ادا کرنے کی اجازت دی ہے۔ اس سے یقیناً تجارتی درآمد کنندگان کے اہم مسائل حل ہونگے لیکن ابھی بھی اسی طرح کی خام اشیا کی ایک لمبی فہرست موجود ہے۔ فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری صنعتی خام مال پر ڈیوٹی/ٹیکس کو ختم کرنے پر پہلے سے ہی زور دے رہی ہے۔ ایس آر او 1240 (1)/ 2020 بتاریخ 20 نومبر ''2020 میں محدود صنعتی خام مال کا احاطہ کیا گیا ہے جس سے صنعتوں کو کوئی فائدہ نہیں ملے گا۔ جبکہ صنعتی خام مال کی ایک بڑی فہرست پہلے سے ہی موجود ہے۔ جسے ایس آر او میں شامل کیا جانا چاہیے تھا۔

CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36
CB + CFB + CF CARD
Colour Cards
COPY PAPER A4
CHAND TRADERS
Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411
Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# کراچی کی شناخت معاشی حب سے لاوارث شہر میں تبدیل ہوگئی ہے، آل کراچی تاجر اتحاد

## کرونا کی دوسری لہر آ گئی لیکن کراچی کیلئے 1100 ارب روپے کا پیکیج نہیں آیا، تاجر نمائندگان کی مشاورت سے حکومتی فیصلوں کا معیار بہتر ہوسکتا ہے، عتیق میر

